19/02/2026

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

PM

آج نئی AI وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت تیزی سے جدید ٹیکنالوجی کو اپناتے ہوئے کے شعبے میں آگے بڑھ رہا ہے۔ دلی کے بھارت منڈپم میں انڈیا اے آئی Impact سمٹ 2026 کا باضابطہ افتتاح کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ مصنوعی ذہانت کو انسانیت کی بقاءکیلئے استعمال میں لایاجانا چاہئے۔ اپنے خطبے میں انہوں نے کہا۔

اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل Antonio Guterres سمٹ سے اور عالمی سطح کے کئی دیگر رہنما ؤں نے بھی خطاب کیا۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کٹرہ میں شری ماتاویشنودیوی استھاپن کے نزدیک شری شنکر اچاریہ مندر کا سنگ بنیاد رکھا ۔ اس موقعے پر ایل جی نے کہاکہ مندر کمپلیکس پر کل31کروڑ 51لاکھ روپے صرف کئے جائیں گے جس کا پورا خرچہ شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ برداشت کرے گا ۔

اس موقعے پر ایل جی نے ریاسی اور اس کے ملحقہ علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کار خانہ داروں اور سیلف ہیلپ گروپوں کے ساتھ بھی بات چیت کی۔

اپنے خطاب میں ایل جی نے کہا۔

سکینہ

گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ جموں کشمیرمیں حال ہی میں قائم کئے گئے نئے میڈیکل کالجونمیں پہلا ایسا میڈیکل کالج بن گیاہے جس نے کاڈیولاجی کے شعبے میں سپر سپیلٹی کورس شروع کیا ہے۔نیشنل بورڈ آف ایگزامنیشنز نے کالج کے کاڈیولاجی شعبے کیلئے تین DNB کاڈیولاجی سیٹوں کی منظوری دی ہے ۔

وزیر صحت سکینہ ایتو نے اس حصولیابی کیلئے کالج کی انتظامیہ ، فیکلٹی اور عملے کومبارکباد دی ہے۔

ستیش شرما

کھیل کود و امور نوجوان کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ تاریخ ، ثقافت اور تمدن سماجی خوشحالی کی کلید ہیں جنہیں تحفظ فراہم کرنا انتہائی اہم ہے ۔ وزیر موصوف جموں میں ایک اسکول مینمنعقدہ ایک تقریب میں خطاب کر رہے تھے ۔انہوں نے کہا کہ سرکار نوجوانوں مینسائنسی اور اختراعی مزاج پیدا کرنے کے علاوہ کھیل کود کی سرگرمیوں کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔

صوبائی کمشنر

کشمیرانشل گرگ نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران خراب ہوئی Massavies ڈویژنل کمشنر کو نئے سرے سے بنانے اور جمع بندیونکی ڈیجٹائزیشن کے کام کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسروں پر زور دیا کہ وہ اس کام میں سرعت لائیں ۔ دریں اثنا ڈویژنل کمشنر نے گلمرگ میں منعقد ہونے والے کھیلو انڈیاونٹر گیمز کے چھٹے مرحلے کی دوسری کڑی کے تعلق سے مختلف محکموں کی طرف سے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان کھیلوں کے احسن انعقاد کیلئے تمام انتظامات مکمل کریں۔

SMCکمشنر

SMC کمشنر فضل الحسیب نےEESLوہاں LED لائٹس گوڈاؤن کا دورہ کرکے سٹریٹ لائٹس کے معیار اور سٹاک پوزیشن کا جائزہ لیا۔ یہ سٹریٹ لائٹس سٹریٹ لائٹنگ منیجمنٹ پروگرام کے تحت سرینگر کے میونسپل حدود میں نصب کی جاتی ہیں۔ کمشنر موصوف نے LED لوگوں کی راحت کیلئے اعلیٰ معیار کی لائٹس تیار کرنے پر زور دیا۔

کپواڑہ

ڈی سی کپواڑہ سری کانت سوسے کی صدارت میں کل ضلع سطح کی نارکو کارڈنیشن سینٹر کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ضلع میں منشیات پر قابو پانے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا گیاترقیاتی کمشنر نے متعلقین پر زور دیاکہ وہ ضلع کو نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت نشے سے پاک کرانے کیلئے ہر ممکن اقداما ت کریں۔

بڈگام

بڈگام ضلع کے سیاحتی مقام دودھ پتھری کے پرپہاس میدان میں محکمہ سیاحت کی جانب سے کل دودھ پتھری سنو کارنیوال 2026منعقد ہوا ۔اس کارنیوال میں سیاحوں، مہم جوؤں اور مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سنو کار نیوال کے دوران کئی سرمائی کھیل مقابلے اورتمدنی پروگرام منعقد ہوئے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

میوزیکل فیسٹول

Fire and Fury کور نے دراس لداخ میں سنگمِ سُر موضوع کے تحت ایک ثقافتی اور میوزیکل فیسٹول کا انعقاد کیا۔ جس میں 6سو فوج کی سے زائد افراد نے شرکت کی اور موسیقی کے پروگراموں سے محظوظ ہوئے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....